بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب
روزنامہ آفاق سرینگر
Daily AFAAQ Srinagar
سنیچروار ۱۳ دسمبر ۲۰۲۵ء بمطابق ۲۱ جمادی الثانی ۱۴۴۷ھ

## (اقوال ذریں)

علم کی جستجو جس رنگ میں بھی کی جائے عبادت کی ہی ایک شکل ہے (علامہ اقبالؒ)

## جموں و کشمیر پولیس کی قابل ستائش کارروائی

جموں و کشمیر پولیس نے حال ہی میں ایک اہم اور قابلِ ستائش کارروائی کا آغاز کیا ہے، جس کے تحت ایسی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے جو بیرونِ ریاست رجسٹریشن پر یہاں چل رہی ہیں مگر جنہیں خریدنے کے باوجود ان کے نئے مالکان نے اپنی ملکیت میں باقاعدہ منتقل نہیں کرایا ہے۔ یہ قدم دیر سے سہی، مگر بروقت اور عوامی مفاد میں اٹھایا گیا ہے، کیونکہ اس سے نہ صرف ٹریفک نظام میں شفافیت آئے گی بلکہ جرائم کی روک تھام میں بھی مدد ملے گی۔

یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ جموں و کشمیر کی سڑکوں پر ایسی سینکڑوں گاڑیاں چل رہی ہیں جن میں نجی کاریں ہی نہیں بلکہ ٹیکسیاں بھی شامل ہیں جو دہلی، ہریانہ، پنجاب، اتراکھنڈ، اتر پردیش اور دیگر ریاستوں کی رجسٹریشن رکھتی ہیں۔ ان میں سے بڑی تعداد وہ ہے جو مقامی لوگوں نے خرید تو لی ہے، مگر قانونی طور پر اپنے نام منتقل نہیں کی۔ اس صورتِ حال کے نتیجے میں کئی سنگین مسائل جنم لیتے ہیں۔

سب سے اہم مسئلہ سکیورٹی کا ہے۔ ایسی گاڑیاں جن کا کوئی باضابطہ ریکارڈ موجود نہ ہو، یا جن کے اصل مالک کسی اور ریاست میں ہوں، آسانی سے کسی بھی مجرمانہ سرگرمی میں استعمال کی جاسکتی ہیں۔ کسی حادثے، واردات یا مشکوک سرگرمی کی صورت میں پولیس کے لیے گاڑی کے اصل مالک تک پہنچنا نہایت مشکل ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ملک کی دیگر ریاستوں میں اس طرح کی صورتحال کو پہلے ہی سخت قوانین کے ذریعے قابو میں رکھا گیا ہے، اور اب جموں و کشمیر میں بھی اس سمت میں ٹھوس قدم اٹھایا گیا ہے۔

دوسری اہم بات ٹریفک قوانین کا شعور ہے، جو بدقسمتی سے عام لوگوں میں بہت کم پایا جاتا ہے۔ اکثر لوگ سمجھتے ہیں کہ گاڑی خرید لینا ہی کافی ہے، مگر کاغذی کارروائی مکمل کرنا جیسے رجسٹریشن ٹرانسفر، انشورنس اپڈیٹ، اور مقامی آر ٹی او میں این او سی جمع کرانا صرف ایک رسمی کارروائی ہے جسے بعد میں بھی نمٹایا جا سکتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہی بعد میں اکثر کبھی نہیں آتا، اور نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ گاڑی کا ریکارڈ نہ مکمل ہوتا ہے اور نہ شفاف۔

پولیس کی اس کارروائی سے یقینی طور پر معاملات بہتر ہوں گے، مگر اس کا اصل فائدہ اسی وقت سامنے آئے گا جب عوام خود بھی ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ لوگوں کو سمجھنا ہوگا کہ گاڑی کی ملکیت کی بروقت منتقلی نہ صرف قانونی تقاضا ہے بلکہ ان کی اپنی حفاظت اور مفاد میں بھی ہے۔ اگر کوئی گاڑی حادثے یا جرم میں شامل پائی جائے اور ریکارڈ پر اس کا مالک کوئی اور ہو، تو نہ صرف تحقیقات میں دشواری پیدا ہوتی ہے بلکہ خریدار خود بھی قانونی پیچیدگیوں میں پھنس سکتا ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ نئے مالکان گاڑی خریدنے کے فوراً بعد آر سی ٹرانسفر کرائیں اور تمام کاغذات مقامی آر ٹی او میں جمع کریں۔ گاڑی کی انشورنس کو نئے مالک کے نام پر اپڈیٹ کرنا نہایت ضروری ہے۔ بیرونِ ریاست گاڑی خریدنے سے پہلے این او سی لازماً حاصل کریں۔

پولیس اور ٹریفک محکمہ مشترکہ طور پر عوامی آگاہی مہم چلائیں تاکہ لوگ اس معاملے کی حساسیت سمجھ سکیں۔ ٹیکسی اور کمرشل گاڑیوں کے لیے خصوصی چیکنگ ڈرائیو مزید سخت کی جائے، کیونکہ ان کا غلط استعمال زیادہ خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ آن لائن ٹرانسفر سسٹم کو مزید آسان اور تیز بنائے تاکہ عوام کو دفاتر کے چکروں سے نجات مل سکے۔

آخر میں، یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ پولیس کا یہ اقدام نہ صرف قانون کی عملداری کے لیے اہم ہے بلکہ مجموعی طور پر جموں و کشمیر کی سکیورٹی صورتحال کو بہتر بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ عوام اس مہم کو بوجھ نہیں بلکہ اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے طور پر دیکھیں، اور ٹریفک قوانین پر عمل کرنے کو اپنی ذمہ داری سمجھیں

## کیا ٹرمپ دنیا کو نئی شکل دینا چاہتے ہیں؟



خصوصی تجزیہ : اسد مرزا

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ مبینہ طور پر ایک نئے عالمی اتحاد 'سی 5'، یا 'کور فائیو'، کو عالمی طاقتوں کے فورم کے تور پر پیش کارنا چاہتے ہیں جس میں امریکہ، روس، چین، ہندوستان اور جاپان کو شامل کیا جائیگا۔ موجودہ یورپ کے زیر تسلط جی 7 اور دیگر روایتی جمہوریت اور دولت پر مبنی تنظیموں کو سائیڈ لائن کرنے کی کوشش کی جائیگی۔ امریکہ کی نئی قومی سلامتی کی حکمت عملی (این ایس ایس) کے اجراء نے دنیا بھر میں ہلچل مچادی جس میں چین کا مقابلہ کرنے کی پالیسی اور یورپ کے دفاع سے امریکہ کی دستبرداری جیسے متنازعہ موضوعات بھی شامل ہیں۔ تاہم، اس دستاویز کے بہت سے پہلوؤں کو عام نہیں کیا گیا ہے، یا اگر عام کیا گیا ہے تو ان پر بہت کم بحث کی گئی ہے۔

اس میں ٹرمپ انتظامیہ کی طرف سے منصوبہ بندی کی کئی بڑی تبدیلیاں شامل ہیں۔ اس میں سی 5- کا ذکر ہے جس نے دنیا بھر کے دفاعی ماہرین کی توجہ اپنی جانب مبذول کرائی ہے۔ جب کہ عوامی دستاویز میں یورپی سلامتی سے امریکہ کے انخلا کا مطالبہ کیا گیا ہے، دیگر نامعلوم عناصر میں "یورپ کو دوبارہ عظیم بنائیں" کا اقدام بھی شامل ہے۔ تفصیلی دستاویز یورپ کے مستقبل پر امریکہ کے نظریاتی غلبے پر زور دیتی دکھائی دیتی ہے۔ مسودے میں کہا گیا ہے کہ یورپ کو "امیگریشن پالیسی اور آزادی اظہار پر سنسر شپ" کی وجہ سے "تہذیباتی بحران" کا سامنا ہے۔ لہذا، واشنگٹن کو آسٹریا، ہنگری، اٹلی اور پولینڈ جیسے ممالک کے ساتھ گہرے تعلقات استوار کرنے چاہئیں۔

### سی 5- بنانے کی تجویز کیا ہے؟

این ایس ایس کے لیک ہونے والے مسودے میں عالمی طاقتوں کے درمیان طاقت کے توازن کے لیے ایک دلچسپ تجویز بھی شامل ہے۔ اس میں ایک نئی تنظیم، سی 5- کی تشکیل کا مطالبہ کیا گیا ہے، جو جی 7 یا جی 20 جیسے اقتصادی یا جمہوری معیار پر مبنی نہیں ہوگی، بلکہ یہ دنیا کے پانچ سب سے زیادہ آبادی والے اور طاقتور ممالک : امریکہ، چین، روس، ہندوستان اور جاپان کے لیے ایک فورم ہوگا۔ ٹرمپ انتظامیہ کے اس منصوبے کے مطابق سی 5 باقاعدہ سربراہ اجلاس بھی منعقد کرے گا اور بڑے جغرافیائی سیاسی مسائل کا حل تلاش کرنے کی کوشش کرے گا۔

اس کی پہلی ملاقات کا مجوزہ ایجنڈا بھی دستاویز میں شامل ہے جس میں اسرائیل اور سعودی عرب کے درمیان تعلقات کو معمول پر لانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ روس کو جی 8 سے نکالنے کی مخالفت کر چکے ہیں۔ روس کو 2014 میں یوکرین کے کریمیا علاقے پر حملے کے بعد جی ایٹ سے نکال دیا گیا تھا۔ مزید برآں، ایک اور دلچسپ بات یہ ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ کا خیال ہے کہ دوسرے ممالک پر امریکی تسلط برقرار رکھنا ناممکن ہے۔

دستاویز میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ "امریکی تسلط کو برقرار رکھنا نہ تو ممکن ہے اور نہ ہی دانشمندانہ"۔ دستاویز میں کہا گیا ہے کہ "سرد جنگ کے خاتمے کے بعد، امریکی پالیسی سازوں نے تسلیم کیا تھا کہ دنیا میں مستقل امریکی تسلط قومی مفاد کے لیے ضروری ہے۔ " تاہم، دستاویز میں کہا گیا ہے کہ امریکہ کو کسی دوسرے ملک کے اندرونی معاملات میں صرف اس وقت مداخلت کرنی چاہیے جب وہ ملک امریکی قومی سلامتی کے لیے براہ راست خطرہ بنے۔ این ایس ایس واضح طور پر کہتا ہے کہ "ٹرمپ انتظامیہ کو ایک ایسی دنیا وراثت میں ملی ہے جس میں جنگ کی بندوقوں نے متعدد براعظموں کے بہت سے ممالک میں امن اور استحکام کو تباہ کر دیا ہے۔ اس بحران کو کم کرنے میں ہماری فطری دلچسپی ہے۔ " دستاویز میں مزید کہا گیا ہے کہ "یہ سب کچھ صرف امریکہ پر منحصر نہیں ہونا چاہئے، لیکن ساتھ ہی چین اور روس کو بھی امریکی قیادت پر قبضہ کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہئے۔ " حکمت عملی استحکام کو برقرار رکھنے میں مدد کے لیے "علاقائی طاقتوں " کے ساتھ شراکت کا مشورہ دیتی ہے۔

### کیا ٹرمپ جی 7- کو ختم کرنا چھاہتے ہیں؟

آپ کو بتاتے چلیں کہ روس کے انخلاء کے بعد جی 7- امریکہ کی قیادت میں کام کر رہا ہے جو کہ ایک طاقتور گروپ ہے۔ جی 7- جمہوری ممالک کا ایک ایسا گروپ ہے، جو اپنی مرضی کے مطابق عالمی معیشت کی پالیسی بناتا ہے اور دیگر جغرافیائی سیاسی مسائل کو حل کرنے کا دعویٰ بھی کرتا ہے۔ تاہم، جی 20- اور برکس جیسی بااثر تنظیموں کی موجودگی میں، جی 7- کے اثر و رسوخ پر سنگین سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ ایسے میں ماہرین کا خیال ہے کہ اگر سی 5- بنتا ہے تو جی 7- کا وجود خطرے میں پڑ جائے گا۔ جی 7- گروپ میں امریکہ، کینیڈا، فرانس، جرمنی، اٹلی، جاپان اور برطانیہ شامل ہیں۔

اگرچہ ابھی تک اس معاملے پر کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آئے ہیں۔ امریکی اشاعت پولیٹیکو مگزین نے اطلاع دی ہے کہ نئے ہارڈ پاور گروپ کا خیال قومی سلامتی کی حکمت عملی کے ایک طویل، غیر مطبوعہ ویژن کے طور پر سامنے آیا ہے جسے وائٹ ہاؤس نے گزشتہ ہفتے شائع کیا تھا۔ پولیٹیکو کے مطابق، وائٹ ہاؤس نے اس دستاویز کی موجودگی سے انکار کیا ہے، پریس سیکرٹری ہنا کیلی نے اصرار کیا کہ 33 صفحات پر مشتمل سرکاری منصوبے کا "کوئی متبادل، نجی یا خفیہ ورژن "موجود نہیں ہے۔

تاہم، قومی سلامتی کے ماہرین کا خیال ہے کہ اس مجوزہ منصوبے اور سی 5 کی تشکیل موجودہ وائٹ ہاؤس کے لیے موزوں بن سکتی ہے۔ بائیڈن انتظامیہ کے دوران امریکی قومی سلامتی کونسل میں یورپی امور کے ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دینے والے ٹوری توسِگ کے بقول "یہ ہمارے خیال سے مطابقت رکھتا ہے کہ صدر ٹرمپ مضبوط کھلاڑیوں کے لیے ہمدردی اور دیگر عظیم طاقتوں کے ساتھ تعاون کرنے کے رجحان کے ذریعے دنیا کو دیکھتے ہیں، جو غیر نظریاتی ہے۔ "انہوں نے مزید نوٹ کیا کہ نظریاتی سی 5 میں یورپ کی کوئی خاص اہمیت نہیں ہے، "جس سے، میرا اندازہ ہے کہ، یورپیوں کو یہ یقین دلائے گا کہ یہ انتظامیہ روس کو ایک سرکردہ طاقت کے طور پر دیکھتی ہے جو یورپ میں اپنے اثر و رسوخ کو استعمال کرنے کے قابل ہے۔

"پہلی ٹرمپ انتظامیہ کے دوران امریکی ریپبلکن سینیٹر ٹیڈ کروز کے معاون مائیکل سوبولک نے نوٹ کیا کہ سی 5 کی تخلیق صدر کے طور پر ان کی پہلی مدت میں ٹرمپ کی چین پالیسی سے الگ ہوگی۔ انہوں نے کہا، "پہلی ٹرمپ انتظامیہ نے زبردست طاقت کے مقابلے کے تصور پر عمل کیا اور اسی طرح ہم نے چین کے ساتھ تعلقات کو ترتیب دیا اور اس پر تبادلہ خیال کیا ... یہ اس پرانے نظریئے سے ایک بہت بڑی رخصتی ہے۔"

### اتحادیوں کے خدشات کے مطابق

رپورٹ ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب واشنگٹن پہلے ہی اس بات پر بحث کر رہا ہے کہ دوسری ٹرمپ انتظامیہ عالمی نظام کو کس حد تک خراب کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ یہ خیال موجودہ فورمز جیسے جی 7 اور جی 20 کو کثیر قطبی دنیا کے لیے ناکافی قرار دیتا ہے، جو بڑی آبادی اور فوجی - اقتصادی طاقتوں کے درمیان ڈیل کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ امریکی اتحادی اس اقدام کو "طاقتور " کی قانونی حیثیت کے طور پر دیکھتے ہیں جو روس کو یورپ پر غالب کر رہا ہے اور ممکنہ طور پر مغربی اتحاد اور نیٹو کی ہم آہنگی کو کمزور کر رہا ہے۔

مجموعی طور پر دیکھا جائے تو ٹرمپ کا یہ نیا شوشہ عالمی سیاست اور حقیقت کی ترجمانی کرتا نظر آتا ہے۔ ویسے تو ٹرمپ کے اب تک کئے جانے والے فیصلوں کو کافی تنقید کا سامنا کرنا پڑا ہے لیکن یہ شاید پہلا موقع ہے کہ جب ٹرمپ کے کسی منصوبے کو حقیقت اور سچائی پر مبنی قرار دیا جاسکتا ہے۔ اب تک جس طریقے سے امریکہ نے مختلف ممالک میں گزشتہ کئی دہائیوں سے امن وامان کو اپنے مفاد کی خاطر ختم کیا ہے، اس کو تسلیم کرنے کا اور ختم کرنے کا شاید یہ پہلا موقع ہے۔ یعنی کہ ٹرمپ جنہیں ایک تاجر کے طور پر دیکھا جاتا ہے اور جن کے زیادہ تر فیصلوں پر تنقید ہوئی ہے، انہوں نے بھی حقیقت کا سامنا کرتے ہوئے تاریخ میں پہلی مرتبہ بطور ایک امریکی سیاست داں وہ بات کہی ہے جو کہ امریکہ مخالف افراد اور تنظیمیں کئی دہائیوں سے کہتی چلی آرہی تھیں لیکن اس میں ٹرمپ کا تاجرانہ نظریہ سرفہرست ہے کیوں کہ وہ یوروپ اور دیگر ممالک سے امریکی افواج کو واپس بلا کر امریکہ کا دفاعی بجٹ کم کرنا چاہتے ہیں اور اس رقم کو امریکہ کو ماگا بنانے کے لئے صرف کرنا چاہتے ہیں۔ اس تجویز سے ان کی شخصیت کا دوسرا پہلو بھی سامنے آیا ہے کہ وہ حقیقت سے آنکھیں موند کر اس کو تسلیم کرنا زیادہ بہتر سمجھتے ہیں۔ ایک ایسا شخصی پہلو جو کہ اب تک دنیا سے روپوش تھا۔ ساتھ ہی یہ تجویز ایک عالمی رہنما کے طور پر ان کی شخصیت کو سیاسی اور عوامی دونوں فائدے پہنچا سکتی ہے۔

## شاہ وسیم: کشمیر کا ایک روشن چراغ



شہنواز نذیر
زگی پورہ، چرار شریف
7889820373

زگی پورہ، چرار شریف کے دامن میں بسا ایک چھوٹا سا مگر روحانی خوشبوؤں سے مہکتا ہوا گاؤں ہے، جہاں آج بھی سادگی، ایمان اور علم کی قدریں زندہ ہیں۔ اسی بابرکت مٹی میں جنم لینے والا ایک ہونہار طالب علم شاہ وسیم آج اپنی کم عمری کے باوجود علمی، دینی اور ادبی حلقوں میں پہچانا جا رہا ہے۔ شاہ وسیم اس وقت گیارہویں جماعت کا طالب علم ہے، مگر اس کی سوچ، اس کا شوق اور اس کا ذوق عمر سے کہیں بڑا ہے۔

شاہ وسیم کے اندر دینی رجحان بچپن ہی سے نمایاں رہا ہے۔ وہ دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ اسلامی تعلیم بھی بڑے شوق اور لگن کے ساتھ حاصل کر رہا ہے۔ اس کے اس روشن سفر میں اس کے والدین اور بھائی شاہ زبیر کا خاص کردار ہے، مگر بالخصوص اس کی والدہ کی تربیت، دعاؤں اور حوصلہ افزائی کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ماں کی آغوش ہی پہلی درسگاہ ہوتی ہے، اور شاہ وسیم اس بات کی ایک خوبصورت مثال ہے کہ ایک ماں کا خلوص، بچے کی پوری زندگی کو کس طرح سنوار سکتا ہے۔



چھٹی جماعت سے ہی شاہ وسیم نے اعتکاف میں بیٹھنے کی سعادت حاصل کرنا شروع کر دی تھی، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ اس کا دل کم عمری میں ہی اللہ کے گھر کی طرف کھنچنے لگا تھا۔ یہی نہیں، بلکہ وہ ایک خوبصورت نعت خواں بھی ہے۔ اس کی آواز میں خلوص ہے، درد ہے اور عشقِ رسولؐ کی جھلک نمایاں طور پر محسوس کی جا سکتی ہے۔ نعت خوانی نے اس کی شخصیت میں نرمی، عاجزی اور روحانی وقار پیدا کیا۔

کم عمری میں ہی شاہ وسیم نے شاعری کا سفر بھی شروع کر دیا تھا۔ شروع میں یہ شوق ایک جذبہ تھا، پھر یہ جذبہ ایک پہچان بنتا گیا۔ آج وہ کشمیر کے مختلف آن لائن پلیٹ فارمز اور پروگراموں میں اپنی شاعری پیش کر چکا ہے۔ اس کی شاعری میں خاص طور پر اولیاء، پیر وفقیر، صوفیاء کرام اور روحانیت سے محبت نمایاں نظر آتی ہے۔ وہ زیادہ تر کشمیری زبان میں شاعری کرتا ہے، جو نہ صرف اس کی مادری زبان سے محبت کا اظہار ہے بلکہ کشمیری صوفی روایت سے جڑے رہنے کی ایک خوبصورت کوشش بھی ہے۔

شاہ وسیم کی شخصیت کی سب سے خوبصورت بات اس کا اخلاق ہے۔ وہ ایک ہردل عزیز، نرم مزاج، باادب اور باحیا نوجوان ہے۔ غرور اس کے قریب سے بھی نہیں گزرتا۔ وہ بڑوں کا ادب اور چھوٹوں پر شفقت کرنا بخوبی جانتا ہے۔ یہی اوصاف اسے دوسرے بچوں سے ممتاز کرتے ہیں۔

آج کے اس دور میں جب نوجوان نسل کا بڑا حصہ سوشل میڈیا، فضول مشاغل اور بے مقصد دوڑ میں الجھا ہوا ہے، شاہ وسیم جیسا بچہ ایک امید کی کرن ہے۔ وہ ثابت کرتا ہے کہ اگر نیت صاف ہو، رہنمائی درست ہو اور تربیت اچھی ہو، تو ایک بچہ کم عمری میں بھی علم، دین اور ادب کے میدان میں نمایاں مقام حاصل کر سکتا ہے۔

شاہ وسیم بیک وقت روحانی تعلیم، دینی تربیت اور ادبی ذوق، تینوں میدانوں میں متوازن طور پر آگے بڑھ رہا ہے۔ یہ توازن ہی دراصل اس کی اصل کامیابی کا راز ہے۔ وہ نہ صرف مستقبل کا ایک اچھا طالب علم بن سکتا ہے بلکہ ایک بہترین عالم، شاعر، نعت خواں اور معاشرے کا ایک ذمہ دار فرد بھی بننے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔

اس ننھے سے چراغ کی روشنی آج سینٹرل کشمیر تک محدود ہے، مگر اگر اسے درست سمت، اچھی سرپرستی اور دعاؤں کی طاقت ملتی رہی تو کوئی بعید نہیں کہ یہ روشنی کل پورے کشمیر بلکہ اس سے آگے تک پہنچے۔ ایسے باصلاحیت بچوں کی حوصلہ افزائی ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔

آخر میں ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ شاہ وسیم کو دین و دنیا دونوں میں کامیابی عطا فرمائے، اس کے علم، فن اور کردار میں برکت عطا کرے، اور اسے ولایت، محبت اور سچائی کے راستے پر ہمیشہ قائم رکھے۔ آمین۔

